**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے ایک ٹاؤٹ کی پریس کانفرنس پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

پاکستان کو سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، بحرانوں سے نجات کی راہ صاف شفاف انتخابات میں مضمر ہے، ملک میں ساکھ اور حیثیت کے حامل انتخابات کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کی انتخابی عمل میں یکساں اور مساوی انداز میں شرکت ناگزیر ہے، پاکستان تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی اور کروڑوں پاکستانیوں کی نمائندہ سیاسی جماعت ہے، تحریک انصاف یا اس کی قیادت کے بغیر صاف شفاف انتخابات کا کوئی تصور ممکن ہے نہ عوام اسے قبول کریں گے، تحریک انصاف کو سیاسی عمل سے باہر کرنے کی ریاستی کوششوں سے قوم پوری طرح واقف ہے، الیکشن کمیشن آف پاکستان کیلئے اپنی غیر جانبداریت برقرار رکھنا دستور و جمہوریت کے استحکام اور انتخابات کی ساکھ و شفافیت کیلئے لازم ہے، الیکشن کمیشن فتنہ گروں کے گمراہ کن بیانیوں اور کرائے کے معلوم نامعلوم درخواست گزاروں کی جانب سے انتشار کے بیج بونے کی حوصلہ شکنی کرے، ستمبر 2011 سے پورے قانونی عمل کے ذریعے جماعت سے نکالے جانے اور جماعت کی بنیادی رکنیت سے محروم ایک کینہ پرور اور شر انگیز ٹاؤٹ کی درخواست کمیشن کو الجھانے کی گھناؤنی سازش ہے، سکہ بند جھوٹے اور جعل ساز کو کمیشن کے روبرو زیرِالتوا معاملے پر بیان بازی سے روکنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے، تحفظات کے باوجود تحریک انصاف کمیشن کے فیصلے کی روشنی میں پارٹی کے آئین اور قانون کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کے انعقاد کے بعد مکمل دستاویز کمیشن کے روبرو جمع کرواچکی ہے، الیکشن کمیشن ان جیسے بہروپیوں کی ریشہ دوانیوں کو نظرانداز کرکے "بلے" کے نشان کو مزید التوا میں رکھنے کی بجائے اسے تحریک انصاف کیلئے جاری کرے،

ترجمان تحریک انصاف